# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## شعبہ ابلاغ عامہ

کورس: اصول صحافت۔ب (5624/9254)　　　　سمسٹر: خزاں2026

سطح: ایم اے / بی ایس

### درسی مواد برائے طلبہ

عزیز طلبہ !السلام علیکم۔

کورس:اصول صحافت(5624/9254) کے تعلیمی سفر کے آغاز پر نیک خواہشات قبول کریں۔کورس کے مطالعہ کے دوران درج ذیل نکات مد نظر رکھنے سے آپ کی تعلیم زیادہ بامقصد اور مفید ہو سکتی ہے۔

1۔امتحانی مشق مطالعے اور کتاب سے ذہنی ہم آہنگی جانچنے کے لئے حل کروائی جاتی ہے اس حوالے سے مشق میں اچھے نمبر اسی صورت حاصل کئے جاسکتے ہیں جب مشق ہو بہو کتاب سے نقل نہ کی گئی ہو۔کتاب کا اچھی طرح مطالعہ اور مفہوم کو سمجھنے کے بعد اپنے الفاظ میں تمام سوالات حل کرنے کی کوشش کریں۔

2۔مشق حل کرتے وقت کتب خانوں میں بھی متعلقہ دیگر کتب کا مطالعہ کریں۔

3۔اس کے علاوہ صحافت کے عملی پہلوؤں کا تنقیدی جائزہ لینا بھی آپ کے لئے بے حد ضروری ہے۔ہمارا مشورہ ہے کہ اخبار کا مطالعہ باقاعدگی سے کیا کریں۔اس میں موجود خبروں، کالموں، اداریوں اور دوسرے مواد کی نوعیت کو اپنی درسی کتاب میں بیان کیے گئے صحافت کے اصولوں کی روشنی میں دیکھنے کی کوشش کریں۔

نوٹ:　　کورس سے متعلق کوئی مشکل یا شکایت ہو تو یونیورسٹی کے شعبہ ابلاغ عامہ سے رابطہ کریں۔

**ڈاکٹر اسد منیر**

کورس رابطہ کار

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## شعبہ ابلاغ عامہ

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

- 1 اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

- 2 کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد Plagiarism Policy کے مطابق سزا دے گی۔

کورس: اصول صحافت۔ب (5624/9254) سمسٹر: خزاں 2026

سطح: ایم اے / بی ایس

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔
5۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہوبہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

### امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال نمبر 1 - پراپیگنڈا کی مختلف تکنیکوں کی وضاحت کریں اور عوامی رائے سازی پر ان کے اثرات کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 2 - صحافتی انٹرویو کے اصول بیان کریں نیز انٹرویو کی خبری اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3 - پاکستان کی مختلف صحافتی تنظیموں کے مجوزہ صحافتی ضابطہ اخلاق کے نمایاں نکات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4 - گزشتہ چند برسوں میں پاکستان میں آن لائن صحافت سے متعلق قوانین پر ہونے والی پیش رفت کا ذکر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5 - صحافت پر تنقید کیوں کی جاتی ہے؟ پاکستانی صحافت کے حوالے سے تنقیدی پہلوؤں کا جائزہ لیں۔ (20)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

## امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ 5تا9)

سوال نمبر 1 –صحافت سیاسی دباؤ یا حکومتی اثر ورسوخ کا شکار ہو جائے تو جمہوری نظام اور عوامی اعتماد پر اس کے کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟ پاکستانی تناظر میں جائزہ لیں۔(20)

سوال نمبر2 –مطبوعہ صحافت میں رائج مقبول طرز ہائے طباعت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3 –پارلیمانی نظام حکومت میں میڈیا کس حد تک احتساب اور شفافیت کو فروغ دیتا ہے؟بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر4 –پاکستان کے معاشی مسائل کو مد نظر رکھتے ہوئے تجویز کریں کہ کون سا معاشی نظریہ ان کا بہتر حل پیش کر سکتا ہے؟ (20)

سوال نمبر5 –موجودہ دور میں میڈیا عوام کی فکری اور سماجی تربیت میں کیا کردار ادا کر رہا ہے؟ (20)